# E-Auction تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن ٹوپی برائے سال 27-2026 (دوسری بار)

بحوالہ محکمہ بلدیات و دیہی ترقی خیبر پختونخوا مراسلہ نمبر AO-II/LCB/6-11/2026 مورخہ 07/05/2026 تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن ٹوپی اپنے درجہ ذیل ٹھیکہ جات برائے سال 27-2026 از یکم ستمبر 2026 تا 30 جون 2027 بذریعہ E-Auction نیلام کرنا چاہتی ہے۔ خواہش مند حضرات، فرم جو سال 27-2026 کیلئے لوکل کونسل بورڈ صوبہ خیبر پختونخوا پشاور کے ساتھ متعلقہ کلاس میں باقاعدہ رجسٹرڈ ہوں تو 5% زربیانہ بصورت کال ڈیپازٹ بنام تحصیل میونسپل آفیسر ٹی ایم اے ٹوپی بنا کر لوکل گورنمنٹ کی ویب سائٹ https://eauction.lcbkp.gov.pk or https://cfmis.lgkp.gov.pk پر دی گئی ہدایات کے مطابق کال ڈیپازٹ اندراج کریں گے اور ویب سائٹ پر آن لائن بولی میں حصہ لے سکتے ہیں۔

## ٹھیکہ جات کی تفصیل

| نمبر شمار | نام ٹھیکہ | زربیانہ | میعاد ٹھیکہ | نیلامی کی تاریخ |
|---|---|---|---|---|
| 1 | جنرل بس سٹینڈ فیس ٹوپی | 14,49,746 | مالی سال 27-2026 (10 ماہ) | 1. 10/08/2026 تا 12/08/2026 |
| 2 | سلاٹر ہاؤس فیس ٹوپی | 9,170 | ایضا | ایضا |
| 3 | سروس ٹیکس ٹوپی | 1,62,460 | ایضا | ایضا |
| 4 | میلہ مویشیان فیس گندف | 13,841 | ایضا | ایضا |
| 5 | چنگ چی تیز رفتار رکشہ لائسنس فیس ٹوپی | 5,780 | مالی سال 27-2026 | ایضا |

چیدہ چیدہ شرائط:-

۱۔ ہر ٹیکس کے لیے الگ الگ زربیانہ بشکل کال ڈپازٹ آن لائن بولی دینے سے 2 دن پہلے E-baldia Auction System میں اپلوڈ کروانا لازمی ہے۔ CDR کی رجسٹریشن کے بغیر کوئی بھی ٹھیکیدار E-Auction سسٹم پر بولی کے لیے رجسٹریشن نہیں کر پائے گا اور آن لائن بولی میں حصہ نہیں لے سکتا۔

۲۔ E-Auction پر بولی کا عمل مورخہ 10/08/2026 بروز پیر صبح 9.00 بجے تا 12/08/2026 بروز بدھ سہ پہر 4.00 بجے تک جاری رہے گا۔ اس کے بعد E-Auction سسٹم پر کسی بھی قسم کی بولی نہیں دی جاسکے گی۔

۳۔ کسی بھی لوکل کونسل کا بقایادار آن لائن بولی میں حصہ لینے کا مجاز نہیں ہوگا۔

۴۔ کامیاب بولی دہندہ ٹھیکہ کی کل زرنیلام کے علاوہ حکومت کی طرف سے لاگو انکم ٹیکس، KPRA ٹیکس وغیرہ ادا کرنے کا پابند ہوگا

۵۔ کامیاب بولی دہندہ 3 دن کے اندر 5% سیکورٹی اور 15% ایڈوانس جبکہ سالانہ ایک بار ٹیکس وصولی والے کنٹریکٹ پر 50% ایڈوانس TMA اکاونٹ میں جمع کرانے کا پابند ہوگا۔

۶۔ کامیاب بولی دہندہ ماہانہ قسط/رقم ہر مہینے کی 5 تاریخ سے پہلے جمع کرنے کا پابند ہوگا۔ ناکامی کی صورت میں 10 تاریخ تک 2 فی صد جرمانہ لاگو ہوگا۔ آخری نوٹس کے بعد اس مہینے کی 15 تاریخ تک ناکامی کی صورت میں ٹھیکہ منسوخ کردیا جائیگا۔

۷۔ نیلامی کی منظوری مجاز اتھارٹی کی صوابدید پر ہوگی مجاز اتھارٹی کو اختیار حاصل ہوگا کہ وہ معقول وجوہات کی بناء پر ایک یا تمام نیلامی منظور یا مسترد کردے۔

۸۔ دیگر شرائط بدوران دفتری اوقات کار دفتر ریگولیشن برانچ میں ملاحظہ کی جاسکتی ہیں اور ٹھیکیدار / فرم ان پر سختی سے عمل درآمد کے پابند ہوں گے۔

المشتہر: تحصیل آفیسر ریگولیشن تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن ٹوپی / بحکم: تحصیل میونسپل آفیسر تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن ٹوپی

CamScanner